© rasailojaraid.com

جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب و روز

## دارالعلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال ۲۸۔۱۴۲۷ھ ۷/ ۲۰۰۶ء کے داخلوں کا شیڈول

## درس نظامی

| درجات | ایام | تاریخ |
|---|---|---|
| تمام درجات کے قدیم طلباء (اعدادیہ تا موقوف علیہ) | بدھ | یکم نومبر ۲۰۰۶ء |
| جدید دورہ حدیث وقدیم طلباء | جمعرات | ۲/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| تعطیل | جمعہ | ۳/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| دورہ حدیث جدید موقوف علیہ جدید | ہفتہ | ۴/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| درجہ تکمیل، سادسہ | اتوار | ۵/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| درجہ خامسہ | پیر | ۶/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| درجہ رابعہ | منگل | ۷/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| ثالثہ ثانیہ | بدھ | **افتتاح** ۸/ نومبر ۲۰۰۶ء |
| اعدادیہ، متوسطہ، اولیٰ | جمعرات | ۹/ نومبر ۲۰۰۶ء |

**شعبہ حفظ** درجہ حفظ میں داخلہ کے خواہشمند طلباء کی درخواستیں ۱۵ رمضان سے ۱۰ شوال تک دفتر اہتمام میں جمع کی جائینگی۔ حفظ کے خواہشمند طلباء ٹیسٹ اور انٹرویو وغیرہ کیلئے یکم اور دو نومبر بروز بدھ، جمعرات صبح 9:00 کو دارالعلوم حقانیہ بلائینگے۔ صرف وہ امیدوار درخواست دیں جو قرآن ناظرہ سے پڑھ چکے ہوں۔ عمر ۱۳ سال سے متجاوز نہ ہو۔ دو پارے پہلے سے یاد کرنے والوں کو ترجیح دی جائیگی۔

## درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء و تخصص فی الحدیث

درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتا و تخصص فی الحدیث کیلئے درخواستیں یکم نومبر تا 4 نومبر وصول کی جائیں گی۔ امتحانی ٹیسٹ 5 نومبر بروز اتوار صبح 10 بجے ہوگا۔ جن میں دارالعلوم حقانیہ کے فضلاء اور وفاق کے امتحان میں کم از کم جید جداً حیثیت حاصل کرنے والوں کو ترجیح دی جائیگی۔ نیز اردو، عربی زبانوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**نوٹ: ۱** (ا) تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء کا دورانیہ 2 سال ہوگا۔ پر بھی مکمل عبور حاصل ہو۔

**نوٹ: ۲** امسال درجہ اعدادیہ سے لیکر بشمول درجہ سادسہ اسباق اردو میں بھی پڑھائے جائیں گے۔لہٰذا اردو زبان سمجھنے والے طلباء کرام داخلہ لے سکتے ہیں۔درجہ متوسطہ میں وہ طلباء داخلہ لینگے جو کہ ساتویں جماعت پاس ہو۔

**نوٹ: ۳** حسب سابق دارالعلوم حقانیہ کے کتب میں داخل شدہ طلباء میں جو طلباء قراۃ والتجوید میں داخلہ لیں گے مقررہ اوقات میں قراۃ وتجوید پڑھایا جائے گا۔اور آخر میں سند دی جائے گی۔

**دارالعلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال کا باضابطہ آغاز ان شاءاللہ 8 رنومبر ۲۰۰۶ء بروز بدھ ہوگا**

---

## دارالعلوم میں تعطیلات کے دوران دورہ تفسیر کی رونقیں:

۶ رشعبان ۱۴۲۷ھ بمطابق ۳۰ راگست ۲۰۰۶ء دارالعلوم کی جامع مسجد میں شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ نے حسب سابق دورہ تفسیر کا آغاز کیا۔جس میں تقریباً ایک ہزار کے لگ بھگ طلباء اور عوام شرکت کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔اسکے علاوہ ایف ایم ریڈیو پر بھی علاقے بھر کے عوام کو یہ سہولت فراہم کی گئی ہے کہ وہ گھروں میں بیٹھ کر ترجمہ وتفسیر سننے کی سعادت حاصل کریں۔دارالعلوم میں ملک بھر سے آئے ہوئے علماء وطلباء کی وجہ سے تعطیلات کے باوجود کافی چہل پہل اور رونقیں ہیں۔اور یہ محسوس نہیں ہورہا کہ دارالعلوم کی سالانہ تعطیلات ہورہی ہیں۔الحمدللہ علاقہ بھر میں قرآن فہمی کا ذوق وشوق اس باعث مزید تقویت لے رہا ہے۔اس کے ساتھ ساتھ دارالعلوم میں تعطیلات کے دوران حسب معمول دورہ میراث بھی حضرت مولانا مفتی سیف اللہ صاحب پڑھا رہے ہیں۔اور اس میں بھی طلباء اور فنِ میراث کے شوقین حضرات کافی تعداد میں حصہ لے رہے ہیں۔

## جاپانی میڈیا کی دارالعلوم آمد:

گزشتہ دنوں جاپانی میڈیا کا ایک وفد جس کی قیادت **Go Yamada** بیورو چیف **"Nikkei"** کررہے تھے، دارالعلوم دیکھنے اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے انٹرویو ریکارڈ کرنے کیلئے دارالعلوم آیا۔ان لوگوں نے دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات تفصیل سے دیکھے اور دارالعلوم کے نظم ونسق اور انتظامی امور سے کافی متاثر ہوئے اور انہوں نے خود یہ اعتراف کیا کہ یہاں آنے سے ان کی کئی غلط فہمیاں دور ہوئیں۔صحافیوں کی معاونت مولانا عرفان الحق صاحب نے کی۔اس موقع پر NNI کے ممتاز صحافی طاہر خان صاحب بھی موجود تھے۔

© rasailojaraid.com